اظہارِ تشکر

ایف ایس آر ٹیم گورنر بینک دولت پاکستان کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی پر ان کی بے حد شکر گزار ہے۔ ہم اس جائزے کی تیاری میں مسلسل تعاون اور نگرانی پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر بی ایس جی جناب قاسم نواز اور شعبہ فاصلاتی نگرانی اور نفاذ کی ڈائریکٹر محترمہ لبنیٰ فاروق ملک کے بھی ممنون ہیں۔ پبلیکیشنز ریویو کمیٹی (پی آر سی) کے اراکین کا بھی شکریہ جنہوں نے اس جائزے کے بارے میں ٹیم کو قیمتی مشوروں سے نوازا۔

ہم شعبہ فاصلاتی نگرانی اور نفاذ کی ڈپٹی ڈائریکٹر محترمہ ثروت امیر کے شکر گزار ہیں جنہوں نے اس جائزے کی تیاری کے سلسلے میں فنی تجزیہ فراہم کیا۔ شعبہ نظام ادائیگی، شعبہ شماریات، شعبہ زری پالیسی اور شعبہ ملکی بازار و زری انتظام کی جانب سے اعداد و شمار کی فراہمی پر ہم ان کے شکر گزار ہیں۔

ہم سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے بھی شکر گزار ہیں جنہوں نے شعبہ بیمہ اور غیر بینک مالی اداروں پر ضروری اعداد و شمار اور تکنیکی معلومات مہیا کیں۔

اس رپورٹ کی تمام کوتاہیوں اور اغلاط کی ذمہ داری ہم پر عائد ہوتی ہے۔ اس میں درج تجزیے اور تبصرے رپورٹ تیار کرنے والی ٹیم کے ہیں اور بینک دولت پاکستان کا ان سے متفق ہونا ضروری نہیں۔